# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 05 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** ****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ صدرِ جمہوریہ کا خطاب ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو مضبوطی دینے والا ہے: وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ زراعت سے متعلق اسکیمات میں کسی بھی طرح کی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائیگی: مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان کا لوک سبھا میں بیان۔

☆ دھننجئے منڈے کو کابینہ سے نکالنے کا حزبِ اختلاف کے رہنماء امباداس دانوے کا مطالبہ؛ تمام فیصلے قانون کے مطابق کیے گئے: دھننجئے منڈے کا دعویٰ۔

☆ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج بیڑ کے دورے پر؛ کئی پروجیکٹس کا سنگِ بنیاد اور افتتاح۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں میں 16 سونے کے تمغوں کے ساتھ بھارت تیسرے مقام پر۔

**** **** ****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ صدرِ جمہوریہ کا پارلیمنٹ میں خطاب ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو مضبوطی دینے والا ہے۔ وزیرِ اعظم کل لوک سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریئے کی تجویز کے بعد ہونے والی بحث کے دوران بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ملک بھر سے 25 کروڑ لوگ غریبی سے باہر آ چکے ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا:

*’’آدرنیے راشٹر پتی جی کا یہ اُدبودھن وِکست بھارت کے سنکلپ کو مضبوطی دینے والا ہے نیا وِشواس پیدا کرنے والا ہے اور جن سامانیہ کو پریرت کرنے والا ہے۔ سارے ادھیین بار بار یہ کہہ چکے ہیں کہ گت دس ورشوں میں دیش کی جنتا نے ہمیں سیوا کرنے کا موقع دیا ہے۔ پانچ پانچ دَشک تک غریبی ہٹاؤ کے نعرے سنے ہیں اور اب پچیس کروڑ غریب، غریبی کو پراست کر کے باہر نکلے ہیں۔ یوجنابدّھ طریقے سے سمرپت بھاؤ سے اپنے پن کی پوری سنویدن شیلتا کے ساتھ جب غریبوں کیلئے جیون کھپاتے ہیں تب یہ ہوتا ہے۔‘‘*

وزیرِ اعظم نے بتایا کہ سرکاری اسکیمات سے ناجائز طور پر فائدہ اٹھانے والے 10 کروڑ لوگوں کو ہٹا کر سچے اور مستحق افراد کو سرکاری اسکیمات کا فائدہ پہنچایا گیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ سرکاری خریداری میں جیم پورٹل کے ذریعے شفاف طریقے سے لین دین کی جا رہی ہے، جس سے ایک لاکھ 15 ہزار کروڑ روپئوں کی بچت ہوئی ہے۔ سرکاری دفاتر کی صفائی مہم کے دوران بھنگار کی فروخت سے دو ہزار 300 کروڑ روپئے ملے ہیں۔

**** **** ****

اسی بیچ وزیرِ اعظم مودی آج اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کمبھ میلے میں شرکت کریں گے۔ اس موقع پر وہ تریوینی سنگم پر پوتر اِسنان کریں گے۔

**** **** ****

گذشتہ ایک دہائی کے دوران ملک میں موبائل فون کی تیاری کے شعبے میں تین سو سے زیادہ کمپنیاں کام کر رہی ہیں جو 1.2 ملین براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہیں۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے سوشل میڈیا پر یہ معلومات دیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ ملک کی خود انحصاری کیلئے ساز گار ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے تیقن دیا ہے کہ زرعی اسکیمات میں کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور اگر وزیرِ اعظم فصل بیمہ اسکیم میں کوئی بدعنوانی ہوئی تو اس کی جانچ کی جائے گی اور قصورواروں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔ وزیرِ موصوف کل لوک سبھا میں رکنِ پارلیمان سپریہ سُلے کی جانب سے اس سلسلے میں اُٹھائے گئے سوال کا جواب دے رہے تھے۔ سُلے نے کہا تھا کہ مہاراشٹر کے وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے اور رکنِ اسمبلی سریش دھس نے یہ بیان دیا ہے کہ ریاست میں گذشتہ حکومت کے دوران فصل بیمہ اسکیم میں بدعنوانی ہوئی ہے۔ چوہان نے لوک سبھا کو بتایا کہ مہاراشٹر حکومت نے فصل بیمہ اسکیم کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے ہیں۔

قانون ساز کاؤنسل میں حزبِ اختلاف کے رہنماء امباداس دانوے نے وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سے دھننجئے منڈے کو ریاستی کابینہ سے نکالنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سماجی کارکن انجلی دمانیہ کی جانب سے لگائے گئے الزامات کی بنیاد پر دانوے نے دھننجئے منڈے کے خلاف جرم داخل کرنے کی مانگ کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ دھننجئے منڈے کا ریاستی حکومت فوراً استعفیٰ لے ورنہ آئندہ اسمبلی اجلاس ان کے استعفے کے بغیر آگے نہیں بڑھے گا۔ انھوں نے کہا کہ وہ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وزیر کے ساتھ ساتھ اُس وقت کے سیکریٹری پر بھی فردِ جرم داخل کریں۔

اسی بیچ دھننجئے منڈے نے بھی صحافتی کانفرنس کا انعقاد کیا اور سماجی کارکن انجلی دمانیہ کے لگائے گئے الزامات کو مسترد کر دیا۔ منڈے نے کہا کہ جب وہ وزیرِ زراعت تھے تب تمام فیصلے قانون کے مطابق لیے گئے۔ انھوں نے سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں بھی کوئی بیان دینے سے انکار کر دیا۔ منڈے نے بتایا کہ یہ معاملہ عدالت میں ہے اس لیے اس پر کچھ بولنا مناسب نہیں۔

***** ***** *****

سرکاری قبضے کی کلاس-2 کی زمینوں کو کلاس-1 میں تبدیل کرتے ہوئے کم پریمیم وصول کرنے کیلئے ابھئے اسکیم میں ایک سال کی توسیع کی گئی ہے۔ یہ فیصلہ کل ریاستی کابینہ کی میٹنگ میں کیا گیا۔ اس فیصلے کا اطلاق زرعی، غیر زرعی، رہائشی، تجارتی اور صنعتی مقاصد کیلئے دی جانے والی زمینوں اور امدادِ باہمی رہائشی سوسائٹیز پر ہوگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر نے کہا ہے کہ کینسر سے بچاؤ کیلئے عوامی بیداری ضروری ہے۔ وزیرِ موصوف کل ممبئی میں کینسر کے عالمی دن کے موقع پر ریاستی سطح کے کینسر اسکریننگ اور بیداری مہم کے آغاز پر بول رہے تھے۔ وہیں ناندیڑ کے ضلع اسپتال میں بھی ضلع سرجن ڈاکٹر بھوسیکر نے کینسر کے عالمی دن کے پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ماہرین نے کینسر کے حوالے سے رہنمائی کی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ اگزامنیشن کاؤنسل کے ذریعے دسمبر میں منعقدہ سرکاری کمپیوٹر ٹائپنگ کے سرٹیفکیٹ امتحان کے نتائج کل کاؤنسل کی ویب سائٹ پر شائع کیے گئے۔ کاؤنسل نے امیدواروں سے اپیل کی ہے کہ وہ دس دنوں میں نمبرات کی تصدیق اور جوابی پرچے کی فوٹو کاپی حاصل کرنے کیلئے آن لائن درخواست دیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج بیڑ ضلع کا دورہ کریں گے۔ وزیرِ اعلیٰ ضلع میں مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وہ کنٹھے پھل اسٹوریج تالاب کی پائپ لائن کے کام کا افتتاح کریں گے۔ پھڑنویس' آشٹی کے شری کشیتر مچھندر ناتھ سمادھی درشن اور اسکی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اسی طرح وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں عالمی کھوکھو مقابلے کے کامیاب کھلاڑیوں کی عزت افزائی بھی کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے ''شمسی زرعی پمپ اسکیم'' کے تحت 100 دنوں میں ڈیڑھ لاکھ پمپوں کی تنصیب کا ہدف رکھا تھا' جسے مہاوترن نے محض 60 دنوں میں حاصل کرلیا۔ مہاوترن کے چیئرمن اور انتظامی ڈائریکٹر لوکیش چندرا نے یہ اطلاع دی۔ ریاست میں 6 دسمبر تک 97 ہزار 295 شمسی زرعی پمپس لگائے گئے' اسی طرح 4 فروری تک مہاوترن نے مزید 53 ہزار 90 پمپوں کی تنصیب کی، جسکے بعد شمسی زرعی پمپوں کی اس مدت کے دوران کُل تعداد ایک لاکھ 50 ہزار 304 ہوگئی ہے۔ ان میں سب سے زیادہ 18 ہزار 494 پمپس جالنہ ضلع میں لگائے گئے' اس کے بعد بیڑ ضلع میں 17 ہزار 944' اہلیانگر میں 13 ہزار 366' پربھنی 11 ہزار 755' چھترپتی سمبھاجی نگر 9 ہزار 329' ہنگولی میں 8 ہزار 538' جبکہ دھاراشیو ضلع میں 6 ہزار 765 شمسی پمپوں کی تنصیب کی گئی۔ یہ اطلاع مہاوترن نے دی۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر نے سب سے زیادہ 76 تمغے جیتے ہیں۔ ان میں سونے کے 16' چاندی کے 33 اور کانسے کے 27 تمغے شامل ہیں۔ تمغوں کی تعداد کے معاملے میں مہاراشٹر تیسرے مقام پر ہے۔ میڈلس کی درجہ بندی میں کرناٹک پہلے اور فوج دوسرے مقام پر ہے۔ اس کے علاوہ منی پور' مدھیہ پردیش' تمل ناڈو' دہلی' ہریانہ اور پنجاب ٹاپ 10 ٹیموں میں شامل ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کل مختلف انتظامی افسران کے تبادلے کیے۔ نئی ممبئی میں سڈکو جوائنٹ مینیجنگ ڈائریکٹر راہل کرڈیلے کا تبادلہ ناندیڑ کے ضلع کلکٹر کے طور پر کیا گیا' جبکہ ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت کو چھترپتی سمبھاجی نگر میں GST محکمے کے معاون کمشنر کے طور پر بھیجا گیا۔ وہیں ملند کمار سالوے کا تبادلہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں اقلیتی ترقی کے جوائنٹ کمشنر کے عہدے پر کیا گیا۔ اسی طرح چھترپتی سمبھاجی نگر کے اضافی ڈویژنل کمشنر اویناش پاٹھک کو بیڑ ضلع پریشد کا CEO بنایا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ صدرِ جمہوریہ کا خطاب ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو مضبوطی دینے والا ہے: وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ زراعت سے متعلق اسکیمات میں کسی بھی طرح کی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائیگی: مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان کا لوک سبھا میں بیان۔

☆ دھننجئے منڈے کو کابینہ سے نکالنے کا حزبِ اختلاف کے رہنماء امباداس دانوے کا مطالبہ؛ تمام فیصلے قانون کے مطابق کیے گئے: دھننجئے منڈے کا دعویٰ۔

☆ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج بیڑ کے دورے پر؛ کئی پروجیکٹس کا سنگِ بنیاد اور افتتاح۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں میں 16 سونے کے تمغوں کے ساتھ بھارت تیسرے مقام پر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****